تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May 01, 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے یوواٹورزم کلب نے دیہی علاقوں میں سیر وسیاحت کے مقامات کی کھوج کی

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے یوواٹورزم کلب نے وارت سیر وسیاحت کے اشتراک سے مورخہ اٹھائیس اپریل دو ہزار تیئس سے تیس تک اترا کھنڈ دھری بلاک، ضلع نینی تال کے سرنا/شرانا گاؤں کا تین روزہ اسٹڈی دورہ کیا۔اس ٹور کا مقصد سرنا گاؤں کو مستقبل میں دیہی سیاحت کی منزل کے طور پر دریافت کرنا، فروغ اور بڑھاوا دینا تھا۔

حکومت ہند کے علاقائی ڈائریکٹر (شمال) رجناب آر۔کے۔سمن کے ساتھ ساتھ شعبہ سیر وسیاحت جامعہ ملیہ اسلامیہ کی صدر محترمہ پروفیسر سارہ حسین اور جامعہ کے شعبہ ٹورزم کی نمت چودھری نے ٹور کو جامعہ ملیہ اسلامیہ کے کیمپس سے ہری جھنڈی دکھائی۔ٹور کی قیادت شعبہ سیر وسیاحت کے فیکلٹی رکن ڈاکٹر وجے کمار دیو کر رہے تھے اور جناب مدثر خان، ڈاکٹر محمد واصف، محترمہ سارہ چوہان اور جناب ابھیشیک پوریا اس ٹور کا بندوبست دیکھ رہے تھے۔

سرنا/شرانا گاؤں بھیم تال سے بائیس کلومیٹر اور نینی تال سے سینتیس کلومیٹر اور ہلدوانی سے انچاس کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔گاؤں کو جانے والی سڑک اچھی ہے اور بارہ اور اٹھارہ نشستوں والی گاڑیوں میں طلبا نے وہاں کے قدرتی حسن کا لطف اٹھایا۔سرپنچ اور پردھان کے ساتھ ساتھ میزبان گاؤں والوں نے وائی ٹی سی اراکین کا خیر مقدم کیا۔وائی ٹی سی اراکین کو معلوم ہوا کہ صاف ستھری ہوا اور ٹھنڈے موسم کی تلاش میں شہر کی بھاگ دوڑ والی زندگی سے نجات کے خواہاں لوگوں کے لیے شاندار جگہ ہے۔

سارن میں اپنے دورے کے دوران وائی ٹی سی کے اراکین نے قدرتی طریقہ کاشت کو بروئے کار لاتے ہوئے آلو، گیہوں، الائچی ، وغیرہ کی کاشت کے لیے اسٹیپ فارمنگ کو دیکھا۔اس دیہات کے بنیادی پھل سیب، نارنگی، اخروٹ، اپریکوٹ اور ناشپاتی وغیرہ ہیں۔وائی ٹی سی اراکین نے درختوں پر لگے اخروٹ دیکھے اس کے ساتھ ہی انھوں نے یہ بھی دیکھا کہ سیب کے درخت بتدریج ہرے ہوتے ہیں۔دیہی لوگ اپنے کھیتوں کی پیداوار کو منڈی میں بھیجتے ہیں اور

اسی سے روزی کماتے ہیں۔

گاؤں کو دریافت کرنے اور وہاں سے بصیرت حاصل کرنے کے بعد وائی ٹی سی اراکین نے محفوظ، باعزت سیر و سیاحت اور پائے سیر و سیاحت کا عہد بھی لیا۔ وائی ٹی سی کے اراکین نے نینی تال کے پاس صاف ستھرا نوکو چیتیال ہل اسٹیشن بھی دیکھا جو 'دی لیک آف نائن کارنرز' سے مشہور ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی